## لانڈھی میں گل احمد چورنگی کے قریب بم دھماکے پر الطاف حسین کا اظہار مذمت
## متعدد افراد کے جاں بحق وزخمی ہونے پر اظہار افسوس
## دہشت گردی کا عمل کرنیوالے ملک وقوم کے دشمن ہیں۔الطاف حسین

لندن۔۔۔14 جنوری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی میں لانڈھی میں گل احمد چورنگی کے قریب بم دھماکے اوراس کے نتیجے میں متعدد افراد کے جاں بحق وزخمی ہونے پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے اس دہشت گردی کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔انہوں نے کہا کہ جاں بحق ہونے والے افراد کے اہل خانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور زخمی ہونے والے افراد کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کی۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ دہشت گردی کا عمل کرنیو الے ملک وقوم کے دشمن ہیں۔انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ اس مذموم واقعہ میں ملوث عناصر کے خلاف سخت کارروائی کرکے انہیں قرارواقعی سزادی جائے۔

## الطاف حسین نے حقیقی معنوں میں اتحاد بین المسلمین کے سلسلے میں عملی کردارادا کیا ہے،مولانا قنبر عباس نقوی،مولانا یعقوب قادری
## محرم الحرام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے قیام کے سلسلے میں رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب بخاری کی علمائے کرام سے ملاقاتیں

کراچی۔۔۔14،جنوری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب احمد بخاری نے محرم الحرام میں مذہبی رواداری اورفرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ کیلئے علمائے کرام سے جاری ملاقاتوں کے سلسلے میں ممتاز عالم دین مولانا قنبر عباس نقوی اور ممتاز عالم دین مولانا یعقوب قادری عطاری سے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں کیں۔اس موقع پر ایم کیوایم کی علماء کمیٹی کے اراکین مولانا فیروزالدین رحمانی،انوررضااورناصریامین بھی موجود تھے۔مولانا قنبر عباس نقوی اور مولانا یعقوب قادری (عطاری) نے شعیب احمد بخاری سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین نے حقیقی معنوں میں اتحاد بین المسلمین کے سلسلے میں اپنا عملی کردارادا کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی جانب سے محرم الحرام اور بارہ ربیع الاول کے موقع پرصوبہ بھر بالخصوص کراچی میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی برقرار رکھنے کیلئے مثبت اقدامات کئے جاتے ہیں جسے دیگر سیاسی ومذہبی جماعتوں کو اپنانا چاہئے اوراس سلسلے میں اپنا ہرممکن کردارادا کرنا چاہئے۔ملاقات میں علمائے کرام نے تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے عوام سے اپیل کی کہ وہ فرقہ واریت کے عفریت کو پھیلانے والے عناصر پر کڑی نظر رکھیں اوراپنے درمیان اتحاداور بھائی چارے کی فضا برقرار رکھیں اس موقع پر انہوں نے قائدتحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمراورصحت و تندرستی کیلئے دعائیں بھی کیں۔

## گلزار ہجری ہاؤسنگ سوسائٹی کی فیڈریشن اوروا سا وارڈ میمن جماعت کی جانب سے انتخابات میں ایم کیوایم کی حمایت کا اعلان
## متحدہ قومی موومنٹ ملک کے نظام میں بہتری کی خواہاں ہے،ڈاکٹر فاروق ستار
## ہاؤسنگ سوسائٹی کی فیڈریشن کی جانب سے دیئے گئے ظہرانے سے خطاب

کراچی۔۔۔14،جنوری 2008ء۔۔۔گلزار ہجری 72ہاؤسنگ سوسائٹی کی فیڈریشن کے صدراوردی واسا وارڈ میمن جماعت نے آئندہ انتخابات میں ایم کیوایم کی حمایت کا اعلان کیا ہے۔یہ اعلان فیڈریشن کے چیئرمین محمد اشرف طارمحمد نے گزشتہ روزگلزار ہجری 72ہاؤسنگ سوسائٹی کی فیڈریشن کی جانب سے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنونیز ڈاکٹر فاروق ستار کے اعزاز میں دیئے گئے ظہرانے کے موقع پر کیا۔اس موقع پر حق پرست امیدوار برائے قومی اسمبلی عبدالرشید گوڈیل،حق پرست امیدوار برائے صوبائی اسمبلی شعیب ابراہیم،گلزار ہجری ہاؤسنگ سوسائٹی کی فیڈریشن کے جنرل سیکریٹری عبدالجبار ہاشم اورفیڈریشن کے اراکین بڑی تعداد میں موجود تھے۔ظہرانے میں چیئرمین محمد اشرف طار محمد نے ڈاکٹر فاروق ستارکومسائل سے آگاہ کیا اورحق پرست قیادت کی جانب سے شہراور ملک کی ترقی وخوشحالی کیلئے جاری منصوبوں کوسراہا۔انہوں نے بتایا کہ میمن جماعت دی واساوارڈ 18سوسائٹی پر مشتمل ہے جبکہ جوڑیان بازاراوراسکیم 33میں بھی اس جماعت کی تاجر برادریاں اکثریت میں ہیں۔انہوں نے کہا کہ آئندہ انتخابات میں ہم حق پرست امیدواروں کے حق میں اپنا ووٹ استعمال کریں گے اورانہیں بھاری اکثریت سے کامیاب کرائیں گے۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک کے نظام میں بہتری کی خواہاں ہے اوراس سلسلے میں ایم کیوایم کو بھرپور عوامی تعاون کی ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کے پاس ملک

بچانے کا فارمولا موجود ہے لیکن ان کی حق پرستانہ جدوجہد میں بھی سازشی عناصر کی جانب سے رکاوٹیں پیدا کی جارہی ہیں ۔انہوں نے کہا کہ حق پرستی کا قافلہ انشاءاللہ تعالیٰ اپنی منزل پر ضرور پہنچے گا اور آئندہ انتخابات میں حق پرست امیدوار ملک بھر سے بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل کریں گے ۔

## قراقرم نیشنل موومنٹ کی جانب سے متحدہ قومی موومنٹ کی حمایت کا اعلان

## ملک کے مظلوموں کے حقوق کے حصول میں قائد تحریک الطاف حسین قابل تعریف کردارادا کررہے ہیں

## بلتستان اور قراقرم میں رہنے والے گلگتی حق پرست امیدواروں کے حق میں اپنا ووٹ استعمال کریں ،قراقرم نیشنل موومنٹ

کراچی ۔۔۔14،جنوری 2008ء۔۔۔قراقرم نیشنل موومنٹ نے 18،فروری کو ہونے والے عام انتخابات میں متحدہ قومی موومنٹ کی بھرپور حمایت کا اعلان کیا ہے اور کہا ہے ہے کہ قراقرم اور بلتستان میں رہنے والے تمام گلگتی حق پرست امیدواروں کے حق میں اپنا ووٹ استعمال کریں اور انہیں بھاری اکثریت سے کامیاب کرائیں ۔یہ اعلان قراقرم نیشنل موومنٹ کے مرکزی فنانس سیکریٹری ملک مستقیم نے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم اور جوائنٹ انچارج عبدالحسیب سے ملاقات کے دوران کیا۔وفد میں قراقرم نیشنل موومنٹ صوبہ سندھ کے صدر محمد یوسف ،جنرل سیکریٹری فقیر حسین ،انفارمیشن سیکریٹری کریم حسین ،جوائنٹ سیکریٹری جمیل پیرزادہ شامل تھے۔اس موقع پر ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین صلاح الدین گلگتی اور عبدالمجید کارروانی بھی موجود تھے۔ملاقات میں وفد کے اراکین نے رابطہ کمیٹی سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ قراقرم نیشنل موومنٹ کے بانی چیئرمین قاسم شیر علی ایلیاٹ نے بھی آج سے کئی سال پہلے قائد تحریک الطاف حسین سے ملاقات کی تھی اور کہا تھا کہ ملک کے مظلوموں کے حقوق کے حصول میں صرف اور صرف قائد تحریک جناب الطاف حسین ہی قابل تعریف کردارادا کررہے ہیں جبکہ قائد تحریک الطاف حسین کی شخصیت اور ان کی جماعت متحدہ قومی موومنٹ ہی ملک کے سیاسی ،سماجی اور معاشی بگاڑ کو درست کرسکتی ہے۔وفد کے اراکین نے رابطہ کمیٹی کو یقین دلایا کہ ہماری قوم پورے ملک میں جہاں جہاں متحدہ قومی موومنت 18 فروری کے انتخابات میں حصہ لے رہی ہے مکمل حمایت اور تعاون کا یقین دلاتی ہے۔وفد نے امید ظاہر کی کہ متحدہ قومی موومنٹ ان کے آئینی ،قانونی اور جمہوری حقوق کے حصول کیلئے پارلیمنٹ کے ہر فورم پر آواز اٹھائے گی۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ پہلی جماعت ہے جس نے گلگت سے تعلق رکھنے والے کارکن کو صوبائی اسمبلی کا امیدوار بنایا ہے جو اسمبلی میں آپ کے حقوق کی آواز بلند کرے گا۔انہوں نے وفد کی نائن زیرو آمد اور آئندہ عام انتخابات میں حق پرست امیدواروں کی حمایت کے اعلان کرز بردست خیر مقدم کیا اور کہا کہ ایم کیوایم ملک کی تمام قومیتوں ،برادریوں اور مذہبی اقلیتوں کے یکساں حقوق کیلئے اپنا عملی کردارادا کرتی رہے گی۔

## نیشنل بینک کی انتظامیہ سالانہ کیش ایوارڈ کی ملازمین میں تقسیم کو مساوی طور پر یقینی بنائے ،ایم کیوایم لیبر ڈویژن

کراچی ۔۔۔14،جنوری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن نے نیشنل بینک آف پاکستان کی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ سالانہ کیش ایوارڈ کی ملازمین میں مساوی تقسیم کے عمل کو یقینی طور بنایا جائے اور اس سلسلے میں محنت کشوں میں پائی جانے والی بے چینی کا ازالہ کیا جائے ۔اپنے مشترکہ بیان میں لیبر ڈویژن کی سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی کے اراکین نے کہا کہ نیشنل بینک آف پاکستان کی انتظامیہ سالانہ کیش ایوارڈ 2008ء کو منظور نظر اور قریبی رفقاء میں بانٹنے سے اجتناب کرے اور سلسلے میں انصاف کے تمام تقاضے پورے کئے جائیں۔

## ایم کیوایم عام آدمی کے مسائل سے پوری طرح آگاہ ہے،شیخ محمد افضل

## کورنگی نمبر 5 کھڈہ اریا،کورنگی نمبر 6 سیکٹر B-51 شالیمار گارڈن اور محمد علی کالونی میں کارنر میٹنگز سے خطاب

کراچی ۔۔۔14،جنوری 2008ء۔۔۔صوبائی اسمبلی کے حلقہ پی ایس 123 کی نشست پر نامزد متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدوار شیخ محمد افضل نے کہا ہے کہ شرپسند عناصر ایک مرتبہ پھر ملک خصوصاً کراچی کا امن تباہ کرنا چاہتے ہیں اور خودکش بم دھماکے اور دہشت گردی کی دیگر کارروائیاں اسی سلسلے کی کڑی ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز کورنگی نمبر 5 کھڈہ اریا،کورنگی نمبر 6 سیکٹر B-51،شالیمار گارڈن اور محمد علی کالونی میں منعقدہ کارنر میٹنگوں سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔کارنر میٹنگوں میں نوجوانوں،

بزرگوں اورخواتین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔شیخ محمد افضل نے کہا کہ ایم کیوایم سانحہ روالپنڈی لیاقت باغ کے بعدلوٹ مار، پرتشدداور جلاؤ گھیراؤ کے واقعات سے متاثرین کے نقصانات کے ازالے کیلئے اپناہرممکن کردارادا کررہی ہے اوران نشاء اللہ جلاؤ گھیراؤاور لوٹ مار میں ملوث سماج دشمن عناصر قانون کی گرفت سے محفوظ نہیں رہ سکتے۔انہوں نے مزید کہا کہ عام آدمی کے مسائل سے ایم کیوایم پوری طرح آگاہ ہے اورایم کیوایم کی جانب سے آٹے کے بحران سمیت بجلی اور دیگر بنیادی مسائل کے حل کیلئے ماضی میں بھی اپنا عملی کردارادا کیا جاتا رہاہے اوراب بھی ایم کیوایم اس سلسلے میں ہرسطح پر آواز بلند کررہی ہے۔

## ایم کیوایم صوبوں کیلئے مکمل صوبائی خودمختاری چاہتی ہے

## عبدالقادر خانزادہ اورسید منظرامام کا اورنگی ٹاؤن میں منعقدہ کارنر میٹنگز سے خطاب

کراچی۔۔۔14، جنوری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدوار برائے این اے 242 ڈاکٹر عبدالقادر خانزادہ اور حق پرست امیدوار برائے پی ایس 95 سید منظرامام نے کہا ہے کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین سندھ دھرتی کے سچے سپوت ہیں اور وہ تمام مظلوم عوام کے حقوق کے حصول کیلئے مخلصانہ جدوجہد کررہے ہیں۔یہ بات انہوں نے گزشتہ روز اپنے اورنگی ٹاؤن کے مہاجر چوک، شمسی کالونی میں منعقدہ کارنر میٹنگوں اور غازی آباد میں گھرگھر عوامی رابطہ مہم کے دوران عوام سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پرانہوں نے عوام میں قائدتحریک جناب الطاف حسین کے کھلے خط کی کاپیاں تقسیم کیں اوران سے اپیل کی کہ وہ 18 فروری کے عام انتخابات میں حق پرست امیدواروں کو بھاری اکثریت سے کامیاب کرائیں۔حق پرست امیدواران نے کہا کہ ایم کیوایم صوبائی خودمختاری کا حصول چاہتی ہے تاکہ ملک وقوم کوترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن رکھا جاسکے۔انہوں نے کہا کہ وفاق اورصوبوں کے درمیان معاملات کی بہتری کیلئے ضروری ہے کہ تمام صوبوں کومکمل صوبائی خودمختاری دی جائے اورانہیں زیادہ سے زیادہ ختیاردیئے جائیں۔انہوں نے کہا کہ دنیا بھرمیں جن مما لک نے صوبائی خودمختاری کے فارمولے پرعمل کیاان کی تاریخ بتاتی ہے کہ وہ کمزورنہیں بلکہ مضبوط ہوئے ہیں۔حق پرست امیدواران نے عوام پرزوردیا کہ وہ محرم الحرام کے دوران اپنے درمیان اتحادو بھائی چارے کی فضا کو برقراررکھیں اورسازشی عناصر پرکڑی نظررکھیں۔

## حق پرست امیدواران عبدالرشید گوڈیل اورڈاکٹر صغیر احمد کا جہانگیر روڈایسٹ، پیرکالونی اورنشتربستی میں عوام سے گھرگھر رابطہ

کراچی۔۔۔14، جنوری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدوار برائے این اے 252 عبدالرشید گوڈیل اورحق پرست امیدوار برائے 117 ڈاکٹر صغیر احمد نے جہانگیر روڈایسٹ، پیرکالونی اورنشتربستی کا دورہ کیااور گھروں اور مارکیٹوں پر جاکرعوام سے ملاقاتیں کیں اورانکے مسائل معلوم کئے۔علاقے کےنوجوانوں اور بزرگوں نے حق پرست امیدوار کا اپنے درمیان زبردست خیرمقدم کیا اورایم کیوایم کے حق میں فلک شگاف نعرے لگائے۔اس موقع پرعوام کے چھوٹے بڑے اجتماعات سے بات چیت کرتے ہوئے عبدالرشید گوڈیل نے کہا کہ 18، فروری حق پرستوں کی فتح کا دن ہے اوراس دن عوامی اژدھام صرف حق پرستوں کے عملی کاموں کے باعث اپنے گھروں سے باہر نکلے گا اورانتخابی نشان پتنگ پرمہرثبت کرے گا۔

## نثار پہنور کی جسقم کے رہنما عبدالواحد آریسر سے ملاقات، قائدتحریک الطاف حسین کا کھلا خط پہنچایا

ٹھٹھہ۔۔۔14، جنوری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدوار برائے پی ایس 127 نثار پہنور نے گزشتہ روز جسقم کے رہنما عبدالواحد آریسر سے ملاقات کی اورانہیں سندھی عوام کے نام لکھے گئے قائدتحریک جناب الطاف حسین کا کھلا خط پہنچایا۔اس موقع پر بات چیت کرتے ہوئے نثاراحمد پہنور نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین سندھ دھرتی میں امن ومحبت اور بھائی چارے کی فضا کا قیام چاہتے ہیں اور نئے اور پرانے سندھیوں کوآپس میں شیروشکر کرنا چاہتے ہیں تاکہ مفاد پرست نام نہادقوم پرست رہنماء معصوم سندھیوں کومزید بیوقوف نہ بناسکے اورانہیں اپنے مفادات کیلئے استعمال نہ کرسکیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے کارکنان قائدتحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں متحدومنظم ہیں اوراب وہ فرقہ وارانہ اورلسانی فسادات کے پیچھے کارفرما عوامل سے اچھی طرح آگاہ ہوچکے ہیں اور قائدتحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات پرمکمل طور پرعمل پیرا ہوکراپنے درمیان اتحاداور بھائی چارے کوہرقیمت پر برقراررکھیں گے۔ ابعدازاں نثاراحمد پہنور نے ٹھٹھہ کے مختلف علاقوں کا دورہ کیااورعوام میں قائدتحریک جناب الطاف حسین کے کھلے خط کی کاپیاں تقسیم کیں۔اس موقع پرایم کیوایم ٹھٹھہ زونل کمیٹی کے اراکین بھی انکے ہمراہ تھے۔

## مہاجر رابطہ کونسل کے سابق سیکریٹری جنرل صابر شمسی مرحوم کی والدہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

## حق پرست امیدواران نے مرحومہ کی رہائشگاہ جاکر سوگواران سے تعزیت کا اظہار کیا

کراچی ۔۔۔14، جنوری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مہاجر رابطہ کونسل کے سابق سیکریٹری جنرل صابر شمسی مرحوم کی والدہ محترمہ کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کواپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کوصبر جمیل کی توفیق عطا کرے۔حق پرست امیدواروں فرحت خان اور معین خان نے صابر شمسی مرحوم کی رہائشگاہ جاکر مرحومہ کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اورمرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔

جلاؤگھیراؤ،لوٹ مار کے متاثرین کومعاوضہ کی ادائیگی کیلئے قائم شکایتی سیل میں جاری کام دوسرے مرحلے میں داخل ہوگیا

## مرکزی شکایتی سیل میں متاثرین اب تک 64،کروڑ 71لاکھ 14ہزار 53روپے کا کلیم داخل کراچکے ہیں

کراچی ۔۔۔14، جنوری 2008ء۔۔۔سانحہ راولپنڈی میں پیپلز پارٹی کی چیئر پرسن محترمہ بے نظیر بھٹو کی شہادت کے بعد کراچی میں شرپسند عناصر کی جانب سے ہونے والی توڑ پھوڑ، جلاؤ گھیراؤ اورلوٹ مار سے متاثر ہونے والے شہریوں کومعاوضہ دلانے کے سلسلے متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے شکایتی سیل میں جاری کام اب دوسرے مرحلے میں داخل ہوگیا ہے۔پہلے مرحلے میں متاثرین سے ایک سادے فارم پر درخواست وتفصیلات معہ شناختی کارڈ وایف آئی آر طلب کی گئی تھی جن کی تعداد ہزاروں میں ہے اب دوسرے مرحلے میں مرکزی کمپلینٹ سیل میں سٹی گورنمنٹ کراچی کی جانب سے جاری کردہ مختلف رنگوں پر مشتمل فارم جاری اور پُر کروائے جارہے ہیں،سفید رنگ کا فارم گاڑیوں ،سبز فارم زخمی ہونے والے افراد، ہلاک شدگان، گہرا گلابی ملوں اورفیکٹریوں ، زرد فارم گھر، آف وائٹ دوکان اورریڈ پنک پیٹرول پمپ وغیرہ کے نقصانات کے ازالہ کیلئے مخصوص ہیں اور متاثرین اپنے نقصان کی مناسبت سے فارم پُر کررہے ہیں اورانکی مدد کیلئے ایم کیوایم کے درجنوں کارکنان صبح 9 بجے سے رات 11 بجے تک بغیر کسی وقفہ کے موجود ہیں۔متحدہ قومی موومنٹ کے اس مرکزی کمپلینٹ سیل میں متاثرین اب تک 64 کروڑ 71لاکھ 14ہزار 53روپے کا کلیم داخل کرچکے ہیں یہ اعدادوشمار صرف مرکزی کمپلمنٹ سیل کے ہیں جبکہ اندرون سندھ اورکراچی میں ایم کیوایم کے سیکٹروں ،یونٹوں اورزونوں میں جو اعدادوشمار آئے ہیں وہ اس کے علاوہ ہیں۔

## نارتھ ناظم آباد ریذیڈنٹس کمیٹی کی جانب سے دعوت حلیم

## حق پرست امیدواران، ٹاؤن ناظم اورر ہائشیوں کی بڑی تعداد میں شرکت

کراچی ۔۔۔14، جنوری 2008ء۔۔۔نارتھ ناظم آباد ریذیڈنٹس کمیٹی کی جانب سے گزشتہ روز مقامی شادی ہال میں نیاز حسین علیہ اسلام کے سلسلے میں دعوت حلیم کا انعقاد کیا گیا جس میں نارتھ ناظم آباد کے مکینوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پر کمیٹی کے جوائنٹ انچارج زاہد قریشی ،حق پرست امیدوار برائے این اے 245 فرحت خان ،حق پرست امیدوار برائے پی ایس 101 عبدالمعید اورحق پرست امیدوار برائے پی ایس 103 ڈاکٹر محمد علی شاہ کے علاوہ نارتھ ناظم آباد ٹاؤن کے ٹاؤن ناظم ممتاز حمید اورنائب ناظم احسن اللہ بھی موجود تھے۔

## ایم کیوایم دادوزون کی زونل کمیٹی کے رکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔14، جنوری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم دادوزون کی زونل کمیٹی کے رکن غلام نبی چنہ کی والدہ محترمہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

☆☆☆☆☆